20/06/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں شیخ انوار الحق

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کل نئی دلی میں ایک تقریب کے دوران ” پر دھان منتری وکست بھارت روزگار یوجنا“ کے تحت متعلقین میں2ہزار400 کروڑ روپے کے مراعات تقسیم کئے ۔ اس کی عمل آوری میں ایک سنگِ میل سے تعبیر کیا جا رہا ہے جس کا مقصد PM-VBRY پہل کو روزگار کے مواقعے پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف سیکٹروں میں سماجی تحفظ کو دوام بخشنا وکست بھارت روزگار یوجنا پہلی مرتبہ کے ملازمین کو PM ہے ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ با اختیار بنانے نیز نوجوانوں اور صنعتوں کے درمیان دوریوں کوکم کرنے میں مدد گار ثابت ہو رہی ہے ۔

------PM-------

لیفٹنٹ گورنر

پردھان منتری وکست بھارت روزگار یوجنا کے تعلق سے کنونشن سینٹر جموں اور بڑی برہمنا سانبہ میں خصوصی تقاریب کا انعقاد کیا گیا ۔ جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے 1 ہزار 522 ملازمین نے 74 لاکھ روپے کے مراعات حاصل کئے اور 304 ایمپلائیرس کے بنک کھاتوں میں براہ راست 25 کروڑ 42 لاکھ روپے منتقل کئے گئے ۔ یوٹی سطح کی تقریب سے ورچول طریقے پر خطاب کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے وزیر اعظم نریندر مودی کا جموں کشمیر پر اس سکیم کو وسعت دینے کے لئے شکریہ ادا کیا ۔

------LG------

LG ملاقات

لیفٹننٹ جنرل پرتیک شرما نے کل لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر GOC شمالی کمان کے لیفٹننٹ جنرل بلبیر سنگھ ، GOC منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔ ان کے ہمراہ چنار کور کے لیفٹننٹ GOC کے علاوہ 16 ویں کور کے Rajan Sharawat لیفٹننٹ جنرل GOC نوویں کور کے جنرل پی کے مِشرا بھی تھے ۔

ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ نے بھی لیفٹنٹ گورنر کے ساتھ ملاقات کی ۔ اس دوران قانون ساز اسمبلی کی ممبر دیویانی رانا بھی لوک بھون سرینگر میں ایل جی سے ملاقی ہوئیں ۔

دورہ

اڈیشہ میں 47 Mayurbhanj صدر جمہوریہ دروپدی مر مو اور وزیر اعظم نریندر مو دی آج ہزار 6 سو کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کریں گے ۔ وزیر اعظم آج سے اڈیشہ اور مغربی بنگال کے دورے پر جا رہے ہیں ۔

NEET

انڈر گریجویٹ 2026 کا امتحان دو بارہ لینے سے پہلے آج قومی NEET نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی سطح کی ماک ڈرل کا انعقاد کر رہی ہے جس کا مقصد کل ہونے والے اس امتحان کے احسن اور نے کہا ہے کہ وہ اس میڈیکل انٹرنس ٹیسٹ کے دوبارہ انعقاد NTA شفاف انعقاد کو یقینی بنانا ہے ۔ کے لئے پوری طرح سے تیار ہے ۔ ایک بیان میں اس نے کہا ہے کہ یہ امتحان ملک بھر کے 551 شہروں اور بیرون ملک 14 شہروں میں لیا جا رہا ہے جس میں 22 لاکھ 79 ہزار امیدوار شامل ہو رہے ہیں ۔

جاوید احمد رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کل سرنکوٹ کے بفلِیاز علاقے کا دورہ کر کے وہاں حال ہی میں آگ کی ایک واردات سے متاثرہ دکانداروں کے ساتھ ملاقات کی ۔ متاثرہ کنبوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے وزیر موصوف نے انہیں یقین دلایا کہ حکومت ان کی باز آباد کاری اور روزگار کی بحالی کے لئے ہر ممکن اقدامات کرے گی ۔

سپیکر

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے دار العلوم پکھر پورہ میں پیش آئی آگ کی ایک واردات پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے ضلع انتظامیہ پر زور دیا ہے کہ وہ فوری طور سے آگ سے ہوئے نقصان کا جائزہ لیں تاکہ متاثرین کو وقت پر معقول امداد فراہم کی جا سکے ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل تلہ ملہ گاندربل میں ماتا کھیر بھوانی مندر کا دورہ کر کے وہاں 22 جون کو منعقد ہونے والے سالانہ کھیر بھوانی میلے کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ ان کے ہمراہ صحت و طبی تعلیم محکمے کے کمشنر سیکریٹری ایم راجو ، صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی تھے ۔ چیف سیکریٹری نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ میلے کے سلسلے میں شردھالووں کے لئے بجلی ، پانی ، صفائی ستھرائی ، طبی نگہداشت اور ٹرانسپورٹ کے ساتھ ساتھ دیگر سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنائیں ۔

IGP

شری امر نا تھ جی یاترا 2026 کے پیش نظر یاترا روٹ پر آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لینے کےلئے IGP کشمیر وی کے بردی نے زونل اور سیکٹر افسروں کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔

انہوننے یاترا کے کامیاب انعقاد کو یقینی بنانے کےلئے افسروں کو پیشہ ورانہ صلاحیت کا بھر پور مظاہرہ کرنے کی ہدایت دی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ22 اعشاریہ 2 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ